# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

نمبر [illegible]/اے ایس ایف مورخہ 16/نومبر/2023

## نوٹیفیکیشن

بحوالہ PBCC نوٹیفیکیشن نمبر 935-SY/PBCC/LHR مورخہ 13.11.2023 بورڈ ہذا کے زیر اہتمام میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2024ء مورخہ 01.03.2024 سے شروع ہوگا۔ مذکورہ امتحان کے لئے داخلہ فارم بمع امتحانی فیس شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی۔ شیڈول کے علاوہ کوئی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔ میٹرک پہلا سالانہ امتحان 2024ء کے داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | حتمی تاریخ |
|---|---|---|
| ۱ | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 15-11-2023 تا 12-12-2023 |
| ۲ | ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 13-12-2023 تا 26-12-2023 |
| ۳ | ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 27-12-2023 تا 03-01-2024 |

مذکورہ بالا امتحان کے سلسلہ میں شرح داخلہ فیس درج ذیل ہوگی۔ نیز ٹرپل فیس کے بعد -/500 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ 51st میٹنگ مورخہ 15-06-2023 آئٹم نمبر 8 کے تحت مورخہ 14-02-2024 تک فیس ادا کر کے بمعہ داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے کے بعد امیدوار امتحان میں شمولیت اختیار کر سکتا ہے۔

ریگولر امیدواران

| امتحان میٹرک | پارٹ فرسٹ | پارٹ سیکنڈ | کمبائنڈ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ | 700 روپے | 700 روپے | 1400 روپے |
| آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون | 700 روپے | 700 روپے | 1400 روپے |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون | 650 روپے | 650 روپے | 1300 روپے |
| پروسیسنگ فیس | 530 روپے | 530 روپے | 530 روپے |
| سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ) | --------- | 700 روپے | 700 روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | -/300 روپے | -/300 روپے | -/300 روپے |
| **پرائیویٹ امیدواران** | | | |
| سائنس گروپ | 750 روپے | 750 روپے | 1500 روپے |
| آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون | 750 روپے | 750 روپے | 1500 روپے |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون | 700 روپے | 700 روپے | 1400 روپے |
| رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ) | 1000 روپے | 1000 روپے (برائے کمپوزٹ) | 1000 روپے |
| پروسیسنگ فیس | 530 روپے | 530 روپے | 530 روپے |
| سند فیس (صرف پارٹ سیکنڈ کے ساتھ) | --------- | 700 روپے | 700 روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | 300 روپے | 300 روپے | 300 روپے |

**نوٹ:** ۱۔ درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔
۳۔ پرائیویٹ امیدواران سے مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ ۴۔ گورنمنٹ سیکٹر کے تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 15-11-2023 تا 12-12-2023 کے دوران اپنے ادارے کے ریگولر طلباء و طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کروا سکیں گے۔ ۵۔ واضح رہے کہ **پروسیسنگ فیس -/530 روپے اور اصل سٹرفیکیٹ فیس -/700 روپے اور ڈویلپمنٹ فنڈ -/300 روپے امیدوار کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں ہے۔** ۶۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کرنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کرواتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۷۔ اس طرح جماعت نہم میں شرکت کے بعد کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۸۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ اور بینک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔ ۹۔ **داخلہ فیس ناقابلِ واپسی ہوگی۔** ۱۰۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت امتحانی فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک ہے۔ ۱۱۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس معہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ۱۲۔ تین گنا فیس بمعہ مبلغ -/500 روپے یومیہ جرمانہ فیس کے ساتھ جمع ہونے والے داخلہ فارم کے حامل امیدواران کا امتحانی سنٹر تحصیل ہیڈ کوارٹر پر بنایا جائے گا۔ ۱۳۔ داخلہ فارم مع بنک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے HBL کی نامزد برانچز اور HBL Konnect میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔

سیکرٹری (بورڈ ہذا)

### کاپی برائے اطلاع:

۱۔ جناب C.E.O.s (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) پاکپتن، ساہیوال، اوکاڑہ ۲۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز ساہیوال ۳۔ جناب RCO تعلیمی بورڈ ساہیوال (برائے الیکٹرونک و پرنٹ میڈیا)
۴۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈنگ بورڈ ویب سائیٹ) ۵۔ الحاق شدہ ہائیر سیکنڈری سکولز/ہائی سکولز ساہیوال ڈویژن، ساہیوال ۶۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (فنانس)

Result.pk

CS CamScanner